**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**6فروری2026ء**

# پریس ریلیز

## حکومتِ پنجاب کا مشرکانہ ہندوانہ تہوار 'بسنت' کو بحال کرنا انتہائی شرم ناک ہے۔

## بسنت جیسے لغو تہواروں کی ترویج ہمارے معاشرتی نظام پر سوشل انجینئرنگ ایجنڈا کے تحت ایک خوف ناک حملہ ہے۔

## عوام الناس بسنت کا مکمل بائیکاٹ کریں اور حکومتِ پنجاب ایسی ہندوانہ مشرکانہ خرافات سے گریز کرے۔

**(شجاع الدین شیخ)**

**لاہور (پ ر):** حکومتِ پنجاب کا مشرکانہ ہندوانہ تہوار 'بسنت' کو بحال کرنا انتہائی شرم ناک ہے۔ بسنت جیسے لغو تہواروں کی ترویج ہمارے معاشرتی نظام پر سوشل انجینئرنگ ایجنڈا کے تحت ایک خوف ناک حملہ ہے۔ عوام الناس بسنت کا مکمل بائیکاٹ کریں اور حکومتِ پنجاب ایسی ہندوانہ مشرکانہ خرافات سے گریز کرے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت نے کم و بیش 8 لاکھ فوج تعینات کر رکھی ہے اور اسرائیلی ماڈل کی تقلید میں کشمیری مسلمانوں کی مسلسل نسل کُشی کر رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یومِ یکجہتی کشمیر سے عین مُتصِل حکومتِ پنجاب کی سرپرستی میں 3 دن پر محیط ہندوانہ مشرکانہ تہوار بسنت منانا نہ صرف مکمل طور پر غیر شرعی اور ناجائز ہے بلکہ کشمیری مسلمانوں کے پیٹھ میں چُھرا گھونپنے کے مترادف بھی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمارے دین نے شعائرِ اسلامی کو بنیاد بنا کر مسلمانوں کو دو عیدیں، عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ، تہوار کے طور پر عطا کی ہیں، جن میں اللہ تعالیٰ کی جناب میں شکر کا پہلو غالب رہتا ہے۔ اسلام کے عبادتِ رب سے سرشار مزاج کے مطابق عیدیں میں نہ شور و غل، ہنگامہ آرائی اور گانے بجانے کی اجازت ہے، نہ عوام کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالا جا سکتا ہے، نہ فحاشی و بے حیائی کی محافل کے انعقاد کی اجازت ہے اور نہ اسراف و تبذیر کی گنجائش ہے۔ بلکہ اسلام کی دونوں عیدوں کے دوران انتہائی متانت اور سنجیدگی سے اللہ تعالیٰ کی تکبیر و تہلیل کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بسنت درحقیقت ہندوؤں کی مشرکانہ ثقافت اور روایات کا لازمی جزو ہے، لٰہذا یہ نظریۂ پاکستان کی مکمل نفی ہے، جس کی بنیاد پر پاکستان کو قائم کیا گیا تھا۔ حکومتِ پنجاب کا ایسے ہندوانہ مشرکانہ تہوار کو مملکتِ خداداد پاکستان کی ثقافت کا حصّہ قرار دینا بے حسی اور بے حمیتی کی انتہا ہے۔ پھر یہ کہ مغرب سے درآمد شدہ سوشل انجینئرنگ ایجنڈا کے تحت ایسے لغو تہوار منانے کی ترویج پاکستان کے معاشرتی نظام پر ایک خوفناک حملہ ہے۔ اُنہوں نے اپیل کی کہ عوام الناس اِس ہندوانہ مشرکانہ تہوار کا مکمل بائیکاٹ کریں۔ حکومتِ پنجاب اللہ تعالیٰ سے بغاوت پر توبہ کرے اور ایسے ہندوانہ مشرکانہ تہوار منانے سے مکمل گریز کرے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ اسلام کے نام پر حاصل کیے گئے اِسی خطۂ زمین پر عدلِ اجتماعی پر مبنی شریعت محمدی ﷺ کے نفاذ کے لیے اپنا تن من دھن لگا دیں تاکہ دنیا اور آخرت کی کامیابی حاصل ہو سکے۔

**جاری کردہ**
**رضاءالحق**
**مرکزی ناظم نشرواشاعت**

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: February 6th, 2026**

## The Punjab government's revival of the polytheistic Hindu festival "Basant" is utterly shameful.

## The promotion of frivolous festivals like Basant constitutes a dangerous assault on our social order under a social-engineering agenda.

## The general public must completely boycott Basant, and the Punjab government must refrain from such Hindu polytheistic aberrations.

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that it is an undeniable reality that India has deployed nearly 800,000 troops in occupied Kashmir and, following the Israeli model, is carrying out a continuous genocide of Kashmiri Muslims. He said that celebrating a three-day Hindu polytheistic festival like Basant under the patronage of the Punjab government immediately following Kashmir Solidarity Day is not only completely un-Islamic and illegitimate, but is also tantamount to stabbing the Kashmiri Muslims in the back. He said that Islam, on the basis of its sacred symbols, has granted Muslims only two festivals – Eid-ul-Fitr and Eid-ul-Adha – in which gratitude to Allah (*SWT*) is paramount. In accordance with Islam's God-centred ethos, there is no permission during Eid for noise, chaos, singing, or dancing; nor can the lives of people be put at risk, nor are gatherings of obscenity and immorality allowed, nor is there any room for extravagance and wastefulness. Rather, during both Islamic Eids, the Takbeer and Tahleel of Allah (*SWT*) are observed with dignity and solemnity. He said that Basant is in fact an integral part of Hindu polytheistic culture and traditions, and therefore represents a complete negation of the Ideology of Pakistan upon which this country was founded. Declaring such a Hindu polytheistic festival to be part of the culture of the God-given state of Pakistan is the height of insensitivity and lack of honour. Moreover, under a Western-imported social-engineering agenda, the promotion of such frivolous festivals constitutes a grave assault on Pakistan's social fabric. He appealed to the general public to completely boycott this Hindu polytheistic festival. He said the Punjab government must repent for rebelling against Allah (*SWT*) and must entirely refrain from promoting or celebrating such Hindu polytheistic practices. He said that it is our collective responsibility to devote our lives, wealth, and efforts to the enforcement of the Shariah of Muhammad (*SAAW*), based on collective justice, on this very land obtained in the name of Islam, so that success may be attained in both this world and the Hereafter.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**